بی۔آر فلمز کا پیش کردہ

نیا دور

नया दौर

فلمی کہانی اور گانے

کہانی :۔ اختر مرزا

گانے :۔ ساحر لدھیانوی

مکالمے :۔ کامل رشید

اداکاران

لیلا چٹنس — جانی واکر

دلیپ کمار۔ وجنتی مالا

اجیت۔ چاند عثمانی۔ جیون

منموہن کرشن۔ ڈیزی ایرانی

رادھا کرشن

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

سٹوری

فخر کیا اس پہ کہ بدلا ہے زمانے نے تمہیں
مرد وہ ہیں جو زمانے کو بدل دیتے ہیں

شہر کے ہنگاموں سے دور۔ پہاڑوں کے دامن میں ایک چھوٹی سی بستی جہاں کھیتی باڑی نہیں ہوتی۔ بستی والوں کی اقتصادی زندگی کا دارومدار صرف دو دھندوں پر ہے۔ ایک تانگہ چلانا۔ دوسرا جنگل سے لکڑی کاٹ کر کارخانے میں لانا۔ اور اسے رنگ برنگی مورتیوں میں ڈھالنا۔ تانگہ چلانے والوں کا نمائندہ ہے شنکر اور لکڑی کاٹنے والوں کا نمائندہ ہے کرشنا۔ دونوں گہرے دوست ہیں۔ اور ایک دوسرے پر جان دیتے ہیں —— آگے پردہ پر دیکھیں۔

نیا دور کے گانے

گانا نمبر ۱

شنکر:- یہ دیش ہے ویر جوانوں کا
البیلوں کا مستانوں کا
اس دیش کا یارو کیا کہنا
یہ دیش ہے دنیا کا گہنا

کرشنا:- یہاں چوڑی چھاتی ویروں کی
یہاں بھولی شکلیں ہیروں کی
یہاں گاتے ہیں رانجھے مستی میں
مچتی ہیں دھومیں بستی میں

شنکر:- پیڑوں پہ بہاریں جھولوں کی
راہوں میں قطاریں پھولوں کی

یہاں سنسناتے ساون بادلوں میں
کھلتی ہیں کلیاں گالوں میں
کرشنا:۔ کہیں دنگل شوخ جوانوں کے
کہیں کرتب تیر کمانوں کے
یہاں نت نت میلے سجتے ہیں
نت ڈھول اور تاشے بجتے ہیں
دونوں:۔ دلبر کیلئے دلدار ہیں ہم
دشمن کے لئے تلوار ہیں ہم
میداں میں اگر ہم ڈٹ جائیں
مشکل ہے کہ پیچھے ہٹ جائیں

آشا بھونسلے اور مہیندر کپور
گانا نمبر ۷

لڑکی:۔ مانگ کے ساتھ تمہارا۔ میں نے مانگ لیا سنسار
لڑکا:۔ مانگ کے ساتھ تمہارا۔ میں نے مانگ لیا سنسار
لڑکی:۔ دل تجھے دلدار ملا۔ ہم کہیں ہمیں پیار ملا
لڑکا:۔ پیار ملا ہمیں یار ملا۔ اک نیا سنسار ملا
لڑکی:۔ آس ملی ارمان ملا
لڑکا جینے کا سامان ملا
دونوں:۔ مل گیا ایک سہارا
مانگ کے ساتھ تمہارا۔۔

لڑکا:۔ دل جیاں اور رت حسیں۔ چل یونہی چل دے کہیں
لڑکی:۔ تو جاہے لے چل کہیں
مجھ یہ ہے تجھ کو یقیں

لڑکا:۔ جان بھی تو ہے دِل بھی تو ہی
لڑکی:۔ راہ بھی تو منزل بھی تو ہی
دونوں:۔ اور تو ہی آس کا تارا
مانگ کے ساتھ تمہارا....

رفیع اور

گانا نمبر ۳

لڑکی: نازنیں جب جب زلفیں تیری کنواریوں کا دِل مچلے
لڑکا: جب ایسے چکنے چہرے تو کیسے نا نظر پھسلے
لڑکی: رت پیار کرنے کی آئی کہ بیریوں کے بیر پک گئے
لڑکا: کبھی ڈال ادھر بھی پھیرا کہ تک تک میں نین تھک گئے
لڑکی: ساس گاؤں کے سو رنگ بھی مدتے جہاں میرا یار لبدا
لڑکا: پانی لینے کے بہانے آجا کہ تیرا میرا ایک رستہ
تجھے چاند کے بہانے دیکھوں تو چھت پر آجا گوریا اے
لڑکی: ابھی چھیڑیں گے گلی کے سب لڑکے چاند تیری چھپ جا ندے
لڑکا: تیری چال ہے ناگن جیسی کہ جوگی تجھے لے جائیں گے
جائیں، ہیں بھی مگر ہم سجنا دِل تجھے دے جائیں گے

رفیع

گانا نمبر ۴

آنا ہے تو آجا راہ میں کچھ پھیر نہیں ہے
بھگوان کے گھر دیر ہے اندھیر نہیں ہے
جب تجھ سے نہ سلجھیں تیرے اُلجھے ہوئے دھندے
بھگوان کے انصاف پر سب چھوڑ دے بندے
خود ہی تیری مشکل کو وہ آسان کرے گا
جو تو نہیں کر پایا وہ بھگوان کرے گا

آنا ہے تو آ...

کہنے کی ضرورت نہیں آنا ہی بہت ہے
اس در پہ ترا سیس جھکانا ہی بہت ہے
جو کچھ ہے تیرے دل میں سب اسکو خبر ہے
بندے تیرے ہر حال پر مالک کی نظر ہے
آنا ہے تو آ...

بن مانگے بھی ملتی ہیں یہاں من کی مرادیں
دل صاف ہو جن کا وہ یہاں آکے صدا دیں
ملتا ہے جہاں نیائے وہ دربار یہی ہے
سنسار کی سب سے بڑی سرکار یہی ہے
آنا ہے تو آ...

ریمع او۔

گانا نمبر ۵

ساتھی ہاتھ بڑھانا۔ ساتھی رے
ایک اکیلا تھک جائیگا۔ مل کر بوجھ اٹھانا
ہم محنت والوں نے جب بھی مل کر قدم بڑھایا
ساگر نے رستہ چھوڑا۔ پربت نے سیس جھکایا
فولادی ہیں سینے اپنے۔ فولادی ہیں باہیں
ہم چاہیں تو پیدا کر دیں چٹانوں میں راہیں
ساتھی ہاتھ بڑھانا..
محنت اپنے لیکھ کی ریکھا۔ محنت سے کیا ڈرنا
کل غیروں کی خاطر کی۔ آج اپنی خاطر کرنا
اپنا دکھ بھی ایک ہے ساتھی۔ اپنا سکھ بھی ایک

اپنی منزل سچ کی منزل اپنا رستہ نیک
ساتھی ہاتھ بڑھانا...
ایک سے ایک ملے تو قطرہ بن جاتا ہے دریا
ایک سے ایک ملے تو ذرہ بن جاتا ہے صحرا
ایک سے ایک ملے تو رائی بن سکتی ہے پربت
ایک سے ایک ملے تو انساں بس میں کر لے قسمت
ساتھی ہاتھ بڑھانا...
ماٹی سے ہم لال نکالیں موتی لائیں جل سے
جو کچھ اس دنیا میں بنا ہے بنا ہمارے بل سے
کب تک محنت کے پیروں میں دولت کی زنجیریں
ہاتھ بڑھا کر چھین لو اپنے سپنوں کی تعبیریں
ساتھی ہاتھ بڑھانا...

گانا نمبر ۶

لڑکا:۔ ریشمی سلوار کرتا جالی کا
روپ سہانا جلے گئے نخرے والی کا
لڑکی:۔ جا رے پیچھا چھوڑ مجھ منوالی کا
کاہے ڈھونڈے راستہ کوتوالی کا
لڑکا:۔ جب جب تجھ کو دیکھوں میرے دل میں چھوٹیں پھلجھڑیاں
کروں گا تیرا پیچھا چاہے لگ جائیں ہتھکڑیاں
کیا ہے کوتوالی کا... روپ سہانا جلے گئے...
لڑکی:۔ میں ہوں عزت والی مجھے سمجھ نا ایسی ویسی
بڑے بڑوں کی میں نے کر دی ہے ایسی تیسی

تُو ہے کس متوالی کا..... کاہے ڈھونڈے راستہ..

لڑکا: روپ تیرے کا لٹکا۔ میرے دل کو دے گیا جھٹکا
رنگ ہمیں ہے ہاتھوں سے ذرا کھیل لے ہٹ گھونگھٹ کا
دل ہے یہ دل والی کا..... روپ سہانہ چلے گے..

گانا بچہ

مَیں ببئی کا بابو نام میرا انجانا
انگلش دھن میں گاؤں میں ہندوستانی گانا
یہ دُنیا ہے اس کی جو دُنیا سے کھیلے
ہنستی ہو یا نرمی سہتے ہنستے جھیلے
سُن لو اجی سُن لو یہ جادو کا ترانہ
مَیں ببئی کا.....
کچھ ہیں دولت والے کچھ ہیں طاقت والے
اصلی والے وہ ہیں جو ہیں ہمت والے
سُن لو اجی سُن لو یہ جادو کا ترانہ
مَیں ببئی کا...
آیا ہوں مَیں ہند بھر روس اور چین میں جا کے
کام کی بات بتا دی ہم نے کامیڈی گانا گا کے
سُن لو اجی سُن لو یہ جادو کا ترانہ
مَیں ببئی کا....

ختم شد

سینڈوولی

کیا آپ اپنے آپکو کمزور محسوس کرتے ہیں؟ دست صاف نہیں آتا، قبض سی رہتی ہے۔

اچھے سے اچھا کھانے پر بھی تندرستی خراب ہوتی جا رہی ہے۔ کھایا پیا دودھ گھی یا طاقت کی دوائیں آپکو کوئی فائدہ نہیں پہنچاتیں۔ بلکہ الٹی کمزوری آتی ہے۔ یا آپکا کسی کام میں دل نہیں لگتا۔ یادداشت خراب ہو گئی ہے۔ ذرا سی محنت کرنے میں سانس پھولنے لگتی ہے۔ دن رات پڑے رہنے کو جی چاہتا ہے۔ آنکھوں کے نیچے کالے دھبے پڑ گئے ہیں۔ اور آپ کسی بھی ذمہ داری کے کام سے جی چرانے لگے ہیں۔ فکر ڈر یا گھبراہٹ رہتی ہے۔ کمر پنڈلی اور سر میں درد رہتا ہے۔ جسم میں خون کا نبلند ہو گیا ہے یا اسی طرح کی اور تکلیف ہو تو علاج میں دیر کرنا خطرناک ہے آپ آج ہی سینڈوولی منگائیں۔ اس سے آپکی تکلیفیں جلد دور ہو جائیں گی۔ اگر پورا کورس استعمال کرنے پر بھی فائدہ نہ ہو تو قیمت واپس کرنے کی گارنٹی کا فارم ساتھ بھیجا جاتا ہے۔

قیمت ۱ شیشی ۱۵ دن کا کورس ۳|۲|-
" ۲ " ۳۰ " " " ۵|-|-
" ۳ " ۴۵ دن کا پورا کورس ۷|-|-
محصول ڈاک معاف

ایک سال یا اس سے زیادہ دنوں کے بیمار پورا کورس ہی استعمال کریں۔

اپنے آپکو کمزور رکھنا پاپ ہے۔ طاقتور بنکر اپنے گھر سماج دیش بھارت کو خوبصورت بنانے میں اپنی مدد دیجئے۔

نریندر سائینڈ کمپنی نمبس سٹریٹ دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)